خبر نامہ ادارۂ تحقیق وتصنیف اسلامی (۳۱)

☆ صدر ادارہ مولانا سید جلال الدین عمری کے فقہی مقالات کا ایک مجموعہ حال میں مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی سے شائع ہوا ہے۔ اس میں وہ مقالات شامل ہیں جواب تک موصوف کی کسی کتاب کا جز نہیں بن سکے تھے۔ یہ مجموعہ اس اعتبار سے اہمیت رکھتا ہے کہ اس کے مقالات میں عصری اہمیت کے حامل متعدد موضوعات زیر بحث آئے ہیں۔ صفحات:۱۸۴ قیمت:-/۱۰۰ روپے

☆ مولانا عمری کا ایک مضمون تحقیقات اسلامی اکتوبر- دسمبر ۲۰۰۸ء میں 'دینی علوم کی تدریس- ہندوستان کے مدارس کا نصاب اور اس کی خصوصیات' کے عنوان سے شائع ہوا تھا، جسے علمی و دینی حلقوں میں کافی پسند کیا گیا۔ افادیت کے پیش نظر مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نے اسے کتابچہ کی صورت میں شائع کر دیا ہے۔ صفحات:۲۰ قیمت:-/۱۲ روپے

☆ رکن ادارہ ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی کی کتاب 'زندگی کے عام فقہی مسائل' مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے شائع ہوگئی ہے۔ یہ کتاب ان سوالات و جوابات پر مشتمل ہے جو زندگی کے مختلف امور سے متعلق ماہ نامہ زندگی نو نئی دہلی میں شائع ہوتے رہے ہیں۔ صفحات:۱۴۸ قیمت:-/۴۸ روپے

☆ گزشتہ دنوں فوج میں مسلم فوجیوں کے داڑھی رکھنے کے مسئلے پر حکومت نے ایک ایسا بیان دے دیا، جس سے مسلمانوں میں بے چینی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی نے اس مسئلے پر مولانا سید ابوالاعلی مودودیؒ اور مولانا سید احمد عروج قادریؒ کی بعض تحریریں جمع کر دی ہیں، جن سے دین میں داڑھی کے مقام اور وجوب پر روشنی پڑتی ہے۔ یہ مجموعہ مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے 'داڑھی کا مسئلہ' کے عنوان سے شائع ہوگیا ہے۔ صفحات:۲۴ قیمت:-/۱۰ روپے

☆ ملک کے موقر ادارہ اسلامک فقہ اکیڈمی نئی دہلی کا اٹھارہواں فقہی سمینار ۲۸/فروری تا ۲/مارچ ۲۰۰۹ء جنوبی ہند کے معروف شہر مدورائی کے جامعہ ریحان عربی کالج میں منعقد ہوا، جس میں ملک و بیرون ملک کے دوسو سے زائد مشاہیر فقہاء اور اصحاب علم نے شرکت کی۔ اس سمینار میں عصری اہمیت کے حامل چار موضوعات: پلاسٹک سرجری، تعلیمی قرض، قیدیوں کے حقوق اور عورتوں کی ملازمت زیر بحث آئے۔ صدر ادارہ مولانا عمری اور رکن ادارہ ڈاکٹر ندوی نے اس سمینار میں شرکت کی۔

☆ ادارہ میں الحمدللہ توسیعی خطبات کا پابندی سے انعقاد ہورہا ہے۔ ۱۸/جنوری ۲۰۰۹ء کو جماعت اسلامی ہند کی مقامی یونٹ کے اشتراک سے 'فلسطین میں اسرائیلی بربریت' کے موضوع پر ایک پروگرام کا انعقاد ہوا، جس میں پروفیسر اشتیاق احمد ظلی صدر ادارۂ علوم القرآن علی گڑھ و ناظم دارالمصنفین اعظم گڑھ اور ڈاکٹر عرشی خاں، ریڈر ڈپارٹمنٹ آف پولیٹیکل سائنس، مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ نے اظہار خیال کیا۔ ۱۵/ فروری ۲۰۰۹ء کو جناب ایچ عبدالرقیب رکن مرکزی مجلس شوریٰ جماعت اسلامی ہند، کنوینر اسلامی بینکنگ کمیٹی ، جماعت اسلامی ہند و جنرل سکریٹری انڈین سینٹر فار اسلامک فائنس نئی دہلی نے 'مائکرو فائننسنگ -نظریہ اور تطبیق' کے موضوع پر توسیعی خطبہ دیا۔ دونوں پروگراموں میں مسلم یونی ورسٹی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے اساتذہ اور دیگر اصحاب علم نے شرکت کی۔

☆ ادارہ کی مجلس عاملہ نے فیصلہ کیا ہے کہ ادارہ کے دوسالہ تصنیفی تربیت پروگرام کے مستفیدین کی اسکالرشپ میں اضافہ کردیا جائے۔ اس کے مطابق ان کو رہائش کی سہولت فراہم کرنے کے علاوہ پہلے سال ڈھائی ہزار روپے ماہانہ اور کارکردگی سے اطمینان کی صورت میں دوسرے سال تین ہزار روپے ماہانہ دیے جائیں گے۔ اس شعبہ کے تحت درخواستیں مطلوب ہیں۔ خواہش مند حضرات اس سلسلے میں سکریٹری ادارہ ڈاکٹر صفدر سلطان اصلاحی (موبائل: 9410060558) سے رجوع کر سکتے ہیں۔

☆ ادارہ کے بعض بہی خواہان کے تعاون سے اس کے نئے کیمپس میں تعمیراتی کام جاری ہے۔ مین گیٹ سے دفتر کی عمارت تک سڑک کی تعمیر، کانفرنس ہال، لائبریری اور باتھ روم وغیرہ کی جزوی اصلاح، ڈرینج سسٹم کی درستگی کے علاوہ موجودہ عمارت کی پہلی منزل کی تعمیر جاری ہے۔ فوری طور پر کیمپس میں اسٹاف کوارٹرس اور لائبریری کی مستقل عمارت کی تعمیر کی اشد ضرورت ہے۔ اصحاب خیر سے گزارش ہے کہ ان کاموں کی تکمیل کے لیے اپنا فراخ دلانہ دست تعاون بڑھائیں۔ اللہ تعالیٰ انھیں جزائے خیر سے نوازے۔

☆ بعض تکنیکی وجوہ سے 'تحقیقات اسلامی' کی ویب سائٹ بند ہوگئی تھی، لیکن الحمدللہ اب وہ دوبارہ کام کرنے لگی ہے، البتہ اس کا ایڈریس تبدیل ہوگیا ہے۔ نیا ایڈریس یہ ہے:

www.tahqeeqi.com